## سوال

(577) عورت کا عوض لے کر میت کی طرف سے حج کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت ایک میت کی طرف سے عوض لے کر حج کرنا چاہتی ہے، تو کیا یہ جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز ہے، وہ حج کر سکتی ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا یہی مذہب ہے۔ اور یہ خاتون جو حج کرنے جا رہی ہے اگر اس کی نیت حج کرنا اور میت کو نفع پہنچانا ہے، تب تو صحیح ہے اور اس کے لیے اجر وثواب بھی ہے، لیکن اگر اس کی نیت صرف پیسے بٹورنا ہی ہو تو اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 409**

محدث فتویٰ